یا

خواجہ میر درؔد کے حالات زندگی کو قلم بند کرتے ہوئے ان کی غزل گوئی کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

۲۔ خواجہ حیدر علی آتشؔ کی غزل گوئی سے بحث کرتے ہوئے ان کی غزل گوئی کی فنی خصوصیات بیان کیجیے۔

یا

دکن میں اردو شاعری کی ابتداء کے حوالے ایک جامع مضمون سپردقلم کیجیے۔



No. of Printed Pages : 6

# MUD-002

## M.A. (Urdu) (MAUD)

### Term-End Examination

### December, 2024

### MUD-002 : Urdu Ghazal

*Time : Three Hours ]* *[ Maximum Marks : 100*

---

نوٹ:۔ سبھی سوالوں کے جواب دیجیے۔ تمام سوالوں کے نمبر مساوی ہیں۔

---

(حصہ الف)

۱۔ وؔلی دکنی کی شاعری کے فنی امتیازات سے مدلل بحث کیجیے۔

۳۔ مومن خاں مومؔن کے حالات زندگی بیان کرتے ہوئے ان کی شاعرانہ عظمت کو واضح کیجئے۔

یا

''جدید غزل'' پر تنقیدی اظہار کیجئے۔

۴۔ علامہ اقبال کی غزل گوئی پر تنقیدی اظہار خیال کیجئے۔

یا

شاد عظیم آبادؔی کی غزل گوئی سے مدلل بحث کیجئے۔





۵۔ مندرجہ ذیل اشعار کی مع سیاق و سباق تشریح کیجئے۔

دونوں جہاں تیری محبت میں ہار کے
وہ جا رہا ہے کوئی شبِ غم گزار کے

ویراں ہے میکدہ، خم و ساغر اداس ہیں
تم کیا گئے کہ روٹھ گئے بہار کے

اک فرصتِ نگاہ ملی وہ بھی چار دن
دیکھے ہیں ہم نے حوصلے پروردگار کے

دنیا نے تیری یاد سے بیگانہ کردیا
تم سے بھی دل فریب ہیں غم روزگار کے

بھولے سے مسکرا تو دیے تھے وہ آج فیضؔ

مت پوچھ ولولے دلِ ناکردہ کار کے

یا

مجھ کو فرقت کی اسیری سے رہائی ہوتی

کاش عیسیٰ کے عوض موت ہی آئی ہوتی

عاشقی میں جو مزہ ہے تو یہی فرقت ہے

لطف کیا تھا جو اگر اس سے جدائی ہوتی

گر نہ ہو شمع تو معدوم ہیں پروانے بھی

تو نہ ہوتا تو صنم کب یہ خدائی ہوتی





خط کے آغاز میں تو مجھ سے ہوا صاف تو کب

لطف تب تھا کہ صفائی میں صفائی ہوتی

دھوئی کیوں اشک کے طوفان سے لوح محفوظ

سرنوشت اپنی ہی ناسخؔ نے مٹائی ہوتی

×××××××